**21.04.2024**
**Hrs13.50**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں... محمد عمار
**Music**

----------------------------

* لوک سبھا انتخابات کے باقی 2 مرحلوں کیلئے چناؤ مہم زور شور سے جاری ہے۔ وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ رہنما نریندر مودی نے
بہار کے موتیہاری میں انتخابی ریلی کی اور کانگریس پر خاندانی پارٹی ہونے کا الزام لگایا۔
RJDرہنما تیجسوی پرساد یادوZiradei ، موتیہاری اور Sheohar میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

* ایران میں صدارتی انتخابات 28 جون کو کرائے جائیں گے۔

* بھارت کی Ekta Bhyan نے جاپان کے Kobe شہر میں عالمی پیرا ایتھلیٹک چمپئن شپ میں خواتین کے F-51 کلب تھرو مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

* ہاکی میں بھارت کے مردوں کی جونیئر ٹیم نے بلجیم پر فتح کے ساتھ یوروپ کے اپنے دورے کا آغاز کیا۔

* اور IPL کرکٹ میں آج شام احمد آباد میں پہلے کوالیفائر میچ میں کولکاتا نائٹ رائیڈرس کا مقابلہ سن رائزرس حیدرآباد سے ہوگا۔

----------------------

اب خبریں تفصیل سے...

**Bihar PM Visit**

لوک سبھا انتخابات کے باقی دو مرحلوں کیلئے چناؤ مہم زورشور سے جاری ہے۔ وزیراعظم اور BJPکے سینئر رہنما نریندر مودی نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس ایک خاندانی پارٹی ہے اور یہ صرف ایک خاندان کے مفاد کیلئے کام کرتی ہے۔ آج بہار میں موتیہاری کے گاندھی میدان میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے دعویٰ کیا کہ کانگریس پارٹی کی قیادت میں آئی این ڈی آئی اتحاد کو لوک سبھا انتخابات میں شکست ہوگی۔ اُنہوں نے کہاکہ عوام بدعنوانی کے معاملات میں ملوث افراد اور ملک مخالف سرگرمیوں میں شامل لوگوں کو مناسب جواب دیں گے۔ جناب مودی نے کہاکہ وہ صحیح معنوں میں ستیہ گرہ اور Swacchagrah پر مہاتما گاندھی کی تعلیمات سے کافی متاثر ہیں۔ کانگریس پارٹی باپو کے خوابوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی۔
اُنہوں نے کہاکہ اُنہیں Swacchagrah سے تحریک حاصل کرکے ہی ملک کے ہر ایک کنبے کیلئے بیت الخلاء فراہم کرنے کا خیال آیا۔ اُنہوں نے غریبوں کیلئے بجلی اورگیس کنکشن فراہم کرنے کیلئے سرکار کے ذریعے کئے گئے اقدامات کو بھی اجاگر کیا۔ وزیراعظم نے کہاکہ آئی این ڈی آئی اتحاد 21ویں صدی کی امنگوں اور آرزوؤں کو پورا نہیں کرسکتا۔ یہ صرف این ڈی اے اتحاد ہے، جو 21ویں صدی کے خوابوں کو پورا کرسکتا ہے۔ جناب مودی نے یقین دلایا کہ اگلے پانچ برس میں مرکز میں فیصلہ کن سرکارکے ساتھ ترقیاتی کام نہایت تیزی کے ساتھ کیے جائیں گے۔ وزیراعظم کی دوسری ریلی آج سہ پہر مہاراج گنج پارلیمانی حلقے کے تحت گوریا کوٹھی میں ہوگی۔

RJDکے رہنما تیجسوی پرساد یادوZiradei ، موتیہاری اور شیوہر میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھیلیش یادو اعظم گڑھ اور بھدوہی ضلعوں میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔×

## Fifth Phase Voter Turnout

کل لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کے تحت کُل 60 اعشاریہ صفر نو فیصد ووٹروں نے اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کیا۔ اس مرحلے کے تحت چھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں میں پھیلے ہوئے 49 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے گئے تھے۔ ملک کے مختلف حصوں میں شدید گرمی کے باوجود زندگی کے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے ووٹروں نے پُرجوش انداز میں ووٹنگ میں حصہ لیا اور مجموعی طور پر پولنگ پُرامن رہی۔انتخابی کمیشن کے مطابق جموں و کشمیر کے بارہمولہ میں اب تک کی سب سے زیادہ 56 اعشاریہ سات-تین فیصد ووٹنگ درج کی گئی۔

بہار میں ووٹنگ کا فیصد 54 اعشاریہ آٹھ-پانچ فیصد، جھارکھنڈ میں 63 اعشاریہ صفر-سات فیصد، لداخ میں 69 اعشاریہ چھ-دو فیصد، مہاراشٹر میں 54 اعشاریہ دو-نو فیصد رہا جبکہ اوڈیشہ میں 67 اعشاریہ پانچ-نو فیصد، اترپردیش میں 57 اعشاریہ سات-نو فیصد اور مغربی بنگال میں تقریباً 74 اعشاریہ چھ-پانچ فیصد ووٹنگ ہوئی۔اِس مرحلے میں کُل 695 امیدوار چنائو میدان میں تھے، اس میں اترپردیش کی 14، مہاراشٹر کی 13، مغربی بنگال کی 7، اوڈیشہ اور بہار کی پانچ-پانچ، جھارکھنڈ کی تین اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں جموں و کشمیر اور لداخ کی ایک-ایک سیٹ پر ووٹ ڈالے گئے۔×

## Bihar Post Poll Violence

بہار کے سارَن پارلیمانی حلقے میں چھپرا شہر کے Telpa پولیس اسٹیشن کے تحت آنے والے علاقے میں انتخابات کے بعد ہونے والے تشدد میں آج ایک شخص کی موت ہوگئی اور دو زخمی ہوگئے۔ سارن کے ایس پی ڈاکٹر منگلا نے اِس واقعے کی تصدیق کی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ کَل پانچویں مرحلے کی پولنگ میں مبینہ دھاندلی کے معاملے پر بھیکھری ٹھاکر چوک علاقے میں آرجے ڈی اور بی جے پی حامیوں کے درمیان جھڑپ ہوئی۔جھڑپ کے دوران کچھ شرپسندوں نے دوسرے گروپ پر فائرنگ کردی، جس میں گولی لگنے سے ایک شخص کی موت ہوگئی۔ ضلع مجسٹریٹ امن سمیر نے کہا کہ دو ملزموں کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ حالات قابو میں ہیں اور پولیس فورس تعینات کردی گئی ہے۔ ڈی ایم نے بتایا کہ سوشل میڈیا پر افواہوں کی روک تھام کیلئے آج سے اگلے دو دِن کیلئے انٹر نیٹ خدمات معطل رہیں گی۔x

## Iran Prez Pol

ایران میں صدارتی انتخابات 28 جون کو ہوں گے۔ IRNA نے اطلاع دی ہے کہ الیکشن کی تاریخ کا فیصلہ ایک میٹنگ میں کیا گیا، جس میں ایران کے عبوری صدر محمد مُخبر، عدلیہ کے سربراہ غلام حسین Mohseni-Ejei اور پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر Qalibafکے ساتھ قانونی اُمور کے نائب صدر محمد Dehqan اور ایرانی آئینی کونسل اور ایرانی وزارت داخلہ کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اِس سے قبل ملک کے سپریم رہنما آیت اللہ علی خانہ ای نے ہیلی کاپٹر حادثے میں

صدر ابراہی رئیسی کے جاں بحق ہونے کے پیش نظر نائب صدر محمد مُخبر کو عبوری صدر کی حیثیت سے مقرر کیا۔

میٹنگ کے دوران شرکاء نے چودھویں صدارتی انتخابی عمل کیلئے پروگرام بھی طے کردیا ہے نیز ایگزیکٹو وفود کی تشکیل اور امیدواروں کے رجسٹریشن کے علاوہ انتخابی مہم کو شروع کرنے سے متعلق پروگرام بھی طے کردیا ہے۔ امیدواروں کا رجسٹریشن 30 مئی اور 3 جون کے درمیان ہوگا اور انتخابی مہم کی مدت 12 سے 27 جون کے درمیان ہوگی-X

## India State Mourning

بھارت نے ایران کے صدر ڈاکٹر Seyyed Ebrahim Raisi اور وزیر خارجہ حُسین امیر Abdollahianکے ہیلی کاپٹر حادثے میں ہلاکت کے بعد آج ایک دن کے سرکاری سوگ کا اعلان کیا ہے۔ آج ملک بھر میں ان تمام سرکاری عمارتوں پر قومی پرچم سرنگوں رہے گا جہاں مستقل طور پر قومی پرچم لہراتا ہے۔ آج سرکاری طور پر کوئی تقریب نہیں ہوگی۔

وزیراعظم نریندر مودی اور وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ڈاکٹر Seyyed ابراہیم رائیسی اور وزیر خارجہ حسین امیر Abdollahianکے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے پیغامات میں انھوں نے دونوں رہنمائوں کے اس اہم کردار کا ذکر کیا، جو انھوں نے بھارت اور ایران کے درمیان تعلقات کو مستحکم کرنے میں ادا کیا ہے-x

## Delhi School

دلی سرکار نے شہر کے پرائیویٹ اور سرکاری امداد یافتہ اسکولوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ فوری طور سے آئندہ 30 جون تک گرمی کی تعطیل کیلئے اسکولوں کو بند رکھیں۔ ایک سرکلر میں تعلیم کے ڈائریکٹوریٹ نے کہا کہ تمام اسکولوں کو اِس تعلیمی سال کے دوران 11 مئی سے 30 جون تک گرمی کی تعطیل رکھنے کی ہدایت دی گئی تھی۔ تاہم یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ شدید گرمی کے باوجود کچھ اسکول ابھی بھی کھلے ہوئے ہیں۔ قومی راجدھانی میں نجف گڑھ اتوار کے روز ملک کا سب سے زیادہ گرم علاقہ رہا، جہاں 47 اعشاریہ آٹھ ڈگری سیلسیس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ غازی آباد میں گرمی کی لہر کے سبب ضلع انتظامیہ نے اعلان کیا ہے کہ نرسری کلاس سے آٹھویں جماعت تک کے طلبا کیلئے اسکول 25 مئی تک بند رہیں گے-x

## Tributes Rajive Gandhi

وزیراعظم نریندر مودی نے آج سابق وزیراعظم راجیو گاندھی کو اُن کی برسی پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ کانگریس صدر ملکاارجن کھڑگے، کانگریس پارلیمانی پارٹی لیڈر سونیا گاندھی اور کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی نے نئی دلی میں واقع ویربھومی پر سابق وزیراعظم راجیو گاندھی کو گلہائے عقیدت نذر کئے-X

## Cultural Diversity Day

آج مذاکرات اور ترقی کیلئے ثقافتی گوناگونیت کا عالمی دن ہے۔ یہ دن اس لیے منایا جاتا ہے تاکہ نہ صرف دنیا کی ثقافتوں کی خوشحالی کو بلکہ امن اور پائیدار ترقی کے حصول کیلئے بین ثقافتی مذاکرات کے لازمی رول کو بھی اُجاگر کیا جاسکے۔ یونیسکو کے مطابق ثقافت اور اختراعی شعبہ پوری دنیا میں ترقی کا ایک سب سے طاقتور وسیلہ ہے۔ یونیسکو نے 2001 میں ثقافتی گوناگونیت سے متعلق اعلامیہ منظور کیا تھا۔ دسمبر 2002 میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 21 مئی کو یہ دِن منائے جانے کا اعلان کیا تھا-x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمہ IMD نے ملک کے شمال مغربی علاقوں، شمالی مدھیہ پردیش اور گجرات کے میدانی علاقوں میں اگلے 3 روز کے دوران شدید گرمی کی صورتحال کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ IMDنے کہا کہ پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی، مغربی راجستھان، مغربی اترپردیش، مشرقی راجستھان اور شمال مغربی مدھیہ پردیش میں اس مہینے کی 24 تاریخ تک شدید گرمی کی صورتحال رہنے کا امکان ہے۔موسمیات کے محکمے نے شمال مغربی اور وسطی بھارت کے کئی حصوں میں اگلے چار روز کے دوران درجہ حرارت میں بتدریج تقریباً دو سے تین ڈگری سیلسیس کے اضافے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔کَل ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، راجستھان، پنجاب، اتر پردیش، مدھیہ پردیش اور گجرات میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 43 سے 47 ڈگری سیلسیس کے درمیان رہا۔بہار، چھتیس گڑھ، مہاراشٹر، ودربھ خطے اور ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ کے میدانی علاقوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت تقریباً 40 سے 42 ڈگری سیلسیس کے آس پاس رہا۔ملک کے جنوبی علاقوں میں مانسون سے پہلے کی بارش میں تیزی آگئی ہے اور جنوب مغربی مانسون مالدیپ کے کچھ حصوں اور Comorin علاقے، جنوب مغربی خلیج بنگال، نکوبار جزائر اور جنوبی بحیرۂ انڈمان میں پہنچ گیا ہے۔تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، ماہے، ساحلی اور جنوبی وسطی کرناٹک میں جمعے تک شدید بارش کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔کیرالہ میں اگلے دو روز کے دوران اور اس کے بعد بھی شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات محکمہ نے بدھ کے آس پاس جنوب مغربی خلیج بنگال میں ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ تشکیل پانے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔×

## Ekta Bhyan Gold

بھارت کی Ekta Bhyan نے جاپان کے کوبے شہر میں جاری عالمی پیرا ایتھلیٹک چمپئن شپ میں خواتین کے ایف 51 کلب تھرو مقابلے میں 20 اعشاریہ ایک دو میٹر کا سیزن کا بہترین تھرو کرکے سونے کا تمغہ حاصل کیا ۔ Kashishلاکرا نے 14 اعشاریہ پانچ چھ میٹر کے تھرو کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا، جبکہ الجیریا کے Nadjet Boucherf نے بارہ اعشاریہ سات صفر میٹر اسکور کے ساتھ کانسے کا تمغہ جیتا۔پیرا ایشین گیمز میں طلائی تمغہ حاصل کرنے والی دیپتی نے کل خواتین کی چار سو میٹر ٹی ٹوینٹی زمرے کے دوڑ میں 55 اعشاریہ صفر سات سیکنڈ کا عالمی ریکارڈ توڑا۔ یہ چمپئن شپ اِس ماہ کی 25 تاریخ تک جاری رہے گی۔x

## Hockey India

بھارت کے مردوں کی جونیئر ہاکی ٹیم نے بلجیم پر فتح کے ساتھ یوروپ کے اپنے دورے کا آغاز کیا ہے۔ نائب کپتان شردانند تیواری کے پنالٹی اسٹروک میں گول سے بھارت کو برتری حاصل ہوئی۔ کھیل کے دوسرے حصے میں نائب کپتان نے پنالٹی کے ذریعے ایک اور گول کیا۔ کھیل کے تیسرے حصے میں بلجیم نے ایک پنالٹی کارنر کو گول میں تبدیل کرنے میں کامیابی حاصل کی۔ کھیل میں کچھ ہی منٹ باقی تھے جب بلجیم کی ٹیم نے ایک اور پنالٹی کارنر گول کرکے برابری حاصل کرلی، چونکہ کھیل کے مقررہ وقت میں کوئی اور گول نہیں ہوسکا، لہٰذا کھیل کے چوتھے حصے کا کھیل دو-دو کے اسکور کے ساتھ ختم ہوا اور کھیل پنالٹی شوٹ آؤٹ میں چلا گیا۔ بھارت کی ٹیم نے چار-دو سے میچ جیت کر یوروپ کے اپنے دورے کا آغاز کیا۔بھارت اپنا اگلا میچ نیدر لینڈس کے Bredaشہر میں بلجیم کے ساتھ کھیلے گا۔×

## IPL Cricket

کرکٹ میں آج احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں پہلے کوالیفائر میچ میں سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ کل

اسی مقام پر راجستھان رائلز اور رائل چیلنجرس بنگلورو کے درمیان دوسرا کوالیفائر میچ کھیلا جائے گا۔ IPLکرکٹ کا فائنل مقابلہ اتوار کے روز کھیلا جائے گا۔x

*******